تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : سیرت النبی ﷺ (کے مختلف پہلوؤں پر محققانہ قولِ فیصل)
مصنف : قاضی محمد حمید فضلی
ضخامت: 370 صفحات ...... قیمت: 150 روپے
ملنے کے پتے: ☆ ادارہ فیوضات مجددیہ' خانقاہ فضلیہ' شیر گڑھ' مانسہرہ
☆ صفہ اکیڈمی' مدینہ مارکیٹ' دوبئ چوک لاہور کینٹ

قاضی محمد حمید فضلی معروف عالم دین ہیں۔ دینی تعلیم پر مشتمل ماہنامہ ''فیض'' ان کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مصنف نے سیرت النبی ﷺ سے متعلقہ تین امور پر اپنی تحقیق پیش کی ہے۔ پہلی یہ کہ حضور ﷺ کا سایہ تھا یا نہیں۔ اس سلسلہ میں قاضی عبد الدائم دائم مدیر ماہنامہ ''جام عرفان'' نے فضلی صاحب سے استفسار کیا تو ان کے جواب میں انہوں نے جو تحقیق پیش کی وہ اس کتاب میں شامل ہے۔ اسی طرح ایک خاندانی متعلق کے سوال پر مصنف نے رسول اللہ ﷺ پر جادو ہونے کے سلسلہ میں جو تحقیق کی وہ بھی اس کتاب میں شامل ہے۔ مصنف کی تیسری تحقیق تشہد میں دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کے اٹھانے سے متعلق ہے جس کے بارے میں ایک معروف عالم دین غلام رسول سعیدی صاحب نے مسلم شریف کی شرح میں حضرت مجدد الف ثانی سے اختلاف کیا ہے۔

ان تینوں مسائل میں مصنف نے بڑی تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے اور ہر ایک کے بارے میں اپنی تحقیق پیش کر کے قول فیصل واضح کیا ہے۔ تحقیق واقعی پڑھنے کے قابل ہے' البتہ اپنے سے اختلاف رکھنے والے علماء کی آراء اور دلائل کو رد کرنے کے سلسلہ میں مصنف متانت اور سنجیدگی کا دامن نہیں تھام سکے' بلکہ جارحانہ اور تضحیک آمیز الفاظ استعمال کیے ہیں جو پر تاثیر الفاظ کو بھی غیر مؤثر کر دیتے ہیں۔